ای دل بغم حسین خون شو

الحمد للہ کہ رسالہ منظوم در ذکر شہادت حسنین اعنی

طومار غم

تصنیف مولوی عبد الحی صاحب خلف مولوی الہی بخش صاحب

در مطبع اختر ہند سہارنپور طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پہلی ہی نامہ تو لکھہ حمد خداوند جہان	صفت پاک ہی جسکی کہ رحیم و رحمان
ہوتی ہی نغمہ سرای صفت ذات و صفات	جس طرح بلبل روح دل خاطف ہر آن

کس سی ہو حمد خدای لایزال	ہی مبرا جو کہ از وہم و خیال
حمد ہو کب اوس خدای پاک کی	کل ہی جسکی ہاتہہ ہفت افلاک کی
دیکھہ عجز انبیا ہی در ثنا	کچھہ نہ بولی ما عرفنا کی سوا
ہمکو پہر دعوی یہ اس تحمید مین	ہرگز آتا ہی نہین فہمید مین
نامناسب ہی جو ہو چہوٹا دہن	بولنا اتنا برابر بکر سخن
حمد ناممکن ہی عقل و فہم سی	کیونکہ ہی باہر گمان و وہم سی
حمد کی اوسکی نہین ہی انتہا	ہو تو سا کیت پرہ کی لا احصی ثنا
انس و جن سبہی لیکی تاکہ و بیان	سر بجیب اس جا ہی ہر ایک گونہ زبان

اوسنی کن کہتی پلک مین سب ہر　　کردی پیدا اجبال و بحر و بر

کن سی اس مخلوق کو جلوہ دیا　　اور کئی پیدا یہ سب ارض و سما

اور بچھایا آب پر کہتی ہی کن　　فرش خاکی اوسنی بیریب بچھن

اور ذیل اوسکی کو از صنع صفا　　کوہ کی اوتاد سی محکم کیا

اور بنایا ایسا قصر آسمان　　ہی بنا جو کہ از نقص و زیان

صاف ہی جون روی آئینہ بہ نور　　از شقوق و از قصور دار فتو

اور دی زینت اوسی ای پاک جہ　　از مصابیح و نجوم و ماہ و مہ

اور دیا آنکھون مین یہ نور نظر　　تاکہ دیکھین اپنا ہم نفع و ضرر

اور دی اوسنی ہمین عقل و خرد　　تاکہ سمجھین فرق ہم در نیک و بد

اور دی اسواسطہ ہمکو زبان　　تا بجا شکر اوسکا لاوین ہر زمان

اور ہمکو یون دئی یہ دست و پا　　ہون کسیکی ہم نہین محتاج تا

اور ہزارون نعمتین کین مین عطا　　شکر ہووی ہم سی کس کس کا ادا

ہمکو خاک و نار و آب و ابر و باد　　روز و شب شام و سحر بندہ کشاد

سمجھو تو اوسکی یہ ہین کس کام　　ہین ہماری صرف یہ تمام سے

ایسی ایسی اوسنی کی صنعتگری　　کون ہی ماری جو لاف ہمسری

پاک ہی وہ خالق جن و بشر　　جسنی یہ روشن کئی شمس و قمر

پاک ہی ہر چیز سی وہ پاک ذات　　جسنی دی احمد کو خوبی و صفات

دی مجھی شیرین زبانی ای خدا	تا مین ہوون مصروف نعت مصطفا

دامن فکر مین دے نعت کی گل ای رضوان
بلبل باغ صفا کی کرون سر پر قربان

ای قلم لکھہ نعت ذات مصطفا	جس سے ہی حاصل ہو تجھی اصفا
ہو نہین وصف اوس رسول پاک کا	رتبہ جسنی پایا ہی لولاک کا
رکھتی ہی کب استقدر یارا زبان	ہووی جو خیر البشر کی مدح خوان
سب سی پہلی ابتدا مین در وجود	ہین محمد مصطفی بار ودود
انتہا ہی حق نی اونپر کر دیا	پہر نہو تا حشر کوئی انبیا
خلق مین تہا بس وجود مصطفا	معدن الطاف وجود ہم سخا
کیونکہ ہے وہ بہترون کا بہترین	ذات اوسکی رحمة للعالمین
گو بظاہر تہا وہ فخر انبیا	امی پر علم لدنی تہا پڑہا
معجزی لاکہون کئی ہین خاک پر	رمز ادنی اوسکی ہی شق القمر
گر نہوتا اوسکا دنیا مین وجود	ہوتی کب دونون جہانکی پہر نمود
وہ محمد ہی گل گلزار عشق	رکہتا ہے باب رسالت مین سبق
ہی محمد بلبل بستان پاک	ہی محمد طوطی رضوان پاک
ہی محمد باعث ایجاد دوکون	ہی محمد افتخار ہر دوکون
ہی محمد سرور دنیا و دین	ہی محمد رحمة للعالمین

ہی محمد صادق مرات جان ہی محمد فتح بخش انس و جان
ہی محمد آفتاب دو جہان ہی محمد نور افزا لامکان
ہی محمد سرور کون و مکان ہی محمد شافع ہر انس و جان
ہی محمد مصدر انوار حق ہی محمد مہبط اسرار حق
ہی محمد خواجہ طہ لقب ہی محمد خسرو یسین نسب
ہی محمد بادشاہ دوسرا جو ثنا خوان ہے وہ مرد خدا
ہی محمد شافع روز جزا اوسکا کہنا جان فرمود خدا
ہووی گر ہر مو میرا تن پر زبان ہو محمد مصطفی کا مدح خوان
پہر بہی وصف اوسکا سر مو ہو نہیں تا بروز حشر خاطف بالیقین
صبح سے تا شام الخاطف مدام پہنچتا رہ اوسپہ صلوات و سلام
اور اوسکی آل اور اصحاب پر ہر گہڑی ہر آن ہر شام و سحر
بالخصوص اونپر کہ جو ہیں چار یار ہو درود رحمت پروردگار
چار رکن دین ہیں بوبکر و عمر اور عثمان و علی باکروفر
مرتبہ وہ صدیق کا ہے سن ذرا ثانی اثنین اوسی حق نے کہا
اور سراج اہل جنت ہی عمر بہاگی ہے شیطان از ظل عمر
اور ہیں عثمان رفیق مصطفی جنت اعلی ہیں باصدق و صفا
اور علی مرتضی شوہر بتول ما و حسنین وہ بنت رسول

سبب نظم رقم کرنا مثنوی کا
خاطفا تا کہ نہ رہجای کسی پہ پنہان

طالبان سر اخبار اب ذرا ۔ بات خاطف کی سنو تم دل لگا

ایکمدت سی مجھی تھی آرزو ۔ ترجمہ تحریر کا ہو ہو بہو

ذکر ہی وہ شبر و شبیر کا ۔ کار آمد ہی جوان و پیر کا

دل کی دل ہی مین رہی حسرت بھری ۔ پر نہ اتنی ایکدن فرصت ملی

جب ملی فرصت نہ مجکو ایکدم ۔ کی خرد سی مصلحت تب ہو بہم

یہ کہا پیر خرد نی مجسی ہان ۔ ہی کہان دنیا مین فرصت کا نشان

گر رہیگا طالب وقت فراغ ۔ گل رہیگا مقصد دل کا چراغ

نظم کر اوسکو خدا کی نام سی ۔ کام ہی کیا تجکو صبح و شام سی

ترجمہ ہو جای اردو مین تمام ۔ ہونگی مطلب یاب ساری خاص عام

مصلحت پر اوسکی بس از چشم و سر ۔ مین نی باندھی چست ہمت کی کمر

بحر علم اس شاعری کا ہے بڑا ۔ قافیہ ہی تنگ یان ہر ایک کا

شعر گوئی کا نہین مجکو شعور ۔ جو نہو وی نظم مین میری قصور

جانتی ہین مجکو سب شاعر نہین ۔ اور علم شعر سی ماہر نہین

پر جو ماہر ہین فن اشعار کی ۔ عرض ہے یہ اونکی خدمتین بھی

دیکھین جس جا پر کہین سہو و خطا ۔ اوسپہ ڈھانکین دامن عفو و عطا

اور نہ کھولین طعن کی بجہیر زبان
دی جزا اسکی وہ رب دو جہان

قصہ کوتاہ اب مین از نام خدا
نظم اوسکا کرتا ہون دلکو لگا

گرچہ آتا ہے نظر یہ سخت کام
پر ہوا سہل لطف حق بالمرام

فضل باری ہی اگر تائید پر
ہو گی حل مشکل تمامی جلد تر

اسکا گر پوچھی کوئی سال رقم
یہ جو ہی منظومہ ایک حلوا عجم

کہدی دیکھہ از غایت زاری شتاب
ہی عجم اہنین حیدر کی کتاب

اور جو پوچھی نام میرا کہہ سنا
عبد الحق بیٹا الہی بخش کا

اور وہ ہی قاضی جلال الدین کا
اور بیٹا خواجہ احمد کا ہرا

اور وہ ہی عاقل کا وہ ابن عمر
مولوی بہیکن کا وہ ہیگا پسر

اور جو موطن ہی کوئی پوچھی مرا
لی مظفر گو نگر سے وہ ملا

بعد از حمد خدا ہم سبب نظم کتاب
ہی مناجات وہ مالیس بجناب ان

اے خدا اے کارساز دو جہان
ہر کسی کا ہی تو ہی امن و امان

اے خدا اے کارساز دو سرا
ہر کسی کا ہے تو ہی حاجت روا

جسپہ ہو دائم ترا لطف عمیم
ہو وی دم مین لائق خیر نعیم

تو اگر لیوی نہ بندہ کی خبر
کون ہو پہر اوسکا یارب راہبر

ہر کوئی کیا مفلس و دو تاج ہے
تری ہے درگاہ کا محتاج ہے

لطف سی تیری بھی ہی ای خدا ہے تری درگاہ مین یہ التجا
تیری الطاف و کرم سی ایک ہم التجا رکھتا ہے یہ عبد اثیم
یہ جو ہی منظومہ طبع رسا میرا کر اسی مقبول عالم ای خدا
از طفیل مصطفیٰ و آل او ہم صحابہ صاحب اقبال او
ہین آل مصطفیٰ سی ای ودود وہی دکھا تو راہ مقصد مجکو زود
ہین تری الطاف بیحد یا اله ہر طرح کی رکھتا تو دستگاہ
ہین فقط کیا اور عالم سب بہم ہون بنا کر اپنا موی تن قلم
اور بنا دین کل سمندر کی مداد ہون بیان کب لطف تیری بالمراد
ہی ترا ہر ایک احسان بی بدل اور ترا انعام فیض لم یزل
فضل کا تیری جو ہے لا انحصار رہتی ہی ہر ایک ای پروردگار
ہی کسی طاقت کری نعمت شمار اس جگہ ہی ہر کوئی بی اختیار
یعنی توفی ہمکو ای جل و علا امت احمد مین ہی پیدا کیا
جسکا یہ رتبہ ہے ای پروردگار روبرو تیری ہین جسکا شمار
نور احمد کو تو جب بی کیف کم اوس سے عرش و کرسی لوح و قلم
لا یا کتمان عدم سے در وجود خامہ از حکم تو ای رب ودود
پہلی نبیون کی تمام امت کا حال یون لگا کہنی بہ توضیح مقال
امت آدم سے جو کوئی سدا عمر بہر پوچیگا ذات کبریا

امت آدم سے جو کوئی سنا — عمر بھر پوچھیگا ذات کبریا
ہوگا جنت کا تمام اوسکو نصیب — ورنہ ہوگا داخل نار لہیب
رفتہ رفتہ یون ہی تقریر فصیح — نوبت آئی تا بموسیٰ و مسیح
آئی نوبت امت احمد کی جب — ہو قلم ایا وہ تقریر تب
لکھتے لکھتے پہونچا بس تا من عصی — تو کہی فرمایا قلم کو تھہر جا
کر ادب اسجا تو اے خامہ ادب — ہو گہون کر اوسکو تو شہر آب

امت مذنب و رب غفور

کر رہے امت مذنب اور پر قصور — مین بہی ہون اونکی لئی رب غفور
سنتی ہی خامہ خطاب کبریا — ہوگیا شق اور لکھنی سے رکا
اور وہین سو سال تک کانپا کیا — دست قدرت سے پہر اوسپر قط لگا
تو کہی جو فرمایا وہ سبہی ادا — یکبیک لکہا قلم نے سر جہکا
گو ہی مجرم امت خیر الورا — لیک بخشش کا اونہین مژدہ ملا
بخشدونگا سبکو اور دونگا جنان — اور رہونگا اونسی راضی بیگمان
کس زبان سی شکر ہو تیرا ادا — ایسی سرور کی ہمین امت کیا
ہی ہمین زیبا کرین گر فخر و ناز — قدسیان عرش پر اوسی پی نیاز
اور رہی تو ہمین محشر کا کیا — پیشوا ہو جب محمد مصطفا
یون تو ہی یکسان سب اک آدم کی نونہال — پر ہین خاص ہم رحمت خلاق کیا

ہے وہ خمسہ کیا وجود مصطفا　　اور نمود ذات فخر الانبیا

جسکی قدموں سی ہوا فخر فلک　　کفش بردار اوسکی ہین اونچی ملک

ہے سزاوار خطاب پاک کی　　کون غیر اوس صاحب لولاک کی

یہان سی آغاز ہی اوصاف کمالات رسول
من وعن آتی ہین کل شرح سی در سالہ بیان

عوض ختم رسل جو ہوی حسنین تمہید　　اوسکی تخصیص کی تمہید کا ہوتا ہی بیان

ای سمند خامہ چل اس آن مین　　حال خیر الخلق کی میدان مین

شہسوار طبع پہونچی تا بفور　　منزل مقصود کو با چشم غور

ہو گئی تو افگندہ سم مت بیٹھ سست　　ہو بہ تحریر بیان چالاک و چست

خلق احمد تھا تو ہو کر تیز گام　　عرصہ وصف نبی مین کر خرام

مست تو زانو نہین ابہی سی دم و با　　باد صرصر کو روانی دی دکہا

کر تو اوصاف نبی محترم　　صفحہ قرطاس کی اوپر رقم

ہو گئی رفتار مین از بس تیز تک　　دی تو پہنچا منزل مقصود تک

یعنی لکہہ حالات ذات مصطفا　　ہو نہ جائی گفتگو جسمین ذرا

اعلم رحمک اللہ تعالی ان الکمالات التی تفرقت
فی الانبیا علیہم السلام قد اجتمعت فی نبینا صلعم

پھر جو یہ وارد ہوئی ہے یہ خبر — کہتے ہیں یوں راویان خوش سیر

انبیا میں تھی جو خوبی و کمال — تھی وہ سب ختم رسل میں خوش خصال

یعنی جو جو منتشر تھی خوبیاں — انبیا و سابقین میں بے گمان

جمع ہیں وہ سب بذات مصطفا — اور اون سے بھی زیادہ اے اولا

فقد اعطی الخلافة کما اعطی آدم وداود علیہما السلام واعطی الملک کما اعطی سلیمان علیہ السلام واعطی الحسن کما اعطی یوسف علیہ السلام واعطی الخلة کما اعطی ابراہیم علیہ السلام واعطی الکلام کما اعطی موسی علیہ السلام واعطی العبادة کما اعطی یونس علیہ السلام واعطی الشکر کما اعطی نوح علیہ السلام

جس طرح دی آدم و داؤد کو — دی خلافت ویسے ہی اوس محمود کو

تھی نیابت سے یہاں حق کی مراد — تاکہ دے امر و نواہی سبکو یاد

اور ملا جیسے سلیمان کو ملا — ملک و تخت و دولت و تاج و لوا

اور ملا یوسف کا سا حسن و جمال — بلکہ اوس سے بھی زیادہ بے مثال

اور خلت جیسے ابراہیم کو — دی خدا نے مصطفی کو ہو بہو

اور ہوا حضرت سی خالق ہمکلام | حضرت موسی سے جیسے باکرام
اور یونس کی طرح عابد تمام | نوح کی مانند شاکر باالدوام
تہے ملقب نائب رحمان سے گر | آدم و داؤد ہر سو مشتہر
ہی محمدؐ یا رسول اللہ یہان | بہیجا ہے خدا نے شان البشر وجان
تخت جو بلقیس کا بی شک دیو | لا یا درگاہ سلیمان مین تہا دیو
آپ کو بہی یہ خطاب حق ہوا | باب زینب مین کہ زوجنا کہا
دیکہکر یوسف کا گر حسن و جمال | ہو زنان مصر کی آشفتہ حال
ہر کسی زلیخا تھے بے آلام و رنج | ہاتہ اپنے اپنے تہے کاٹے ترنج
یہان بہی مردان عرب نے باوقار | من رآنی قد رأی الحق دیکہایا
اسکی یہ معنی مین بتلاؤن سمجہے | حق کو دیکہا جسنی بس دیکہا مجہے
اور لباس خلت ابراہیم کو | زیب تن عشق کی کیا تہا دیکہے جو
آپکو محبوبیت کی دی قبا | جس کا شہرہ ایکعالم مین ہوا
گر کلام حق سنا بر کوہ طور | حضرت موسی نے کانوں سے دور
حضرت خیر البشر فی عرش پر | حق کو دیکہا قرب سی از چشم سر
ایک پلک جہپنے مین ساتون آسمان | طی کئے خیر الورا نی بیگمان
جسکو ہوں ساتوں بہشتین زیر پا | کب کسی کو اسقدر رتبہ ملا
ہے مگر یہ رتبۂ خیر الانام | جسکے باعث یہ ہوا عالم تمام

شہرہ یونس کا عبادت مین تھا گر
تو حقی گنج تسکین ہین ای جان نثار
آفتاب مشرق ملک قدم
صاحب لولاک و سر لا یزال
... از کشور دنیا و دین
... اور تسکین مشکورین
ملک کہتی ہین زیادہ ان سی ہی
افتخار اولین و آخرین
... فیضان قت کبریا
... ایزدی ... صاف ہ
اشتراک دیگران تھا ناگوار
اور وہ سب سی برتر و فی حقی کمال
تا ہو ظاہر افضلیت آپکی
اور ہو حاصل سبھون ہی امتیاز

یہان ہی فانصب رتبہ حبیب المشتہر
تحفہ دنیا یہ بابا اشتہار
مہر ہیچ باعث ہست و عدم
شہسوار عرصہ جود و کمال
یعنی احمد رحمت للعالمین
نور فوق النور و فوق المومنین
باعث ہست و عدم خیر النبی
تا جہان کشور ملک یقین
اصل عالم افتخار انبیا
تھا یہ در ذات حبیب کبریا
حق نی کر مخصوص اپنا باوقار
اور اوصاف و جمال بی مثال
اور منور اشرفیت آپکی
اور ہو مخصوص خاص بی نیاز

وقد زیدت له کمالات اخر من انواع الولایات
والمحبوبیة المطلقة والاصطفاء المطلق والرویة
والقرب الاتم والشفاعة العظمی

والجهاد مع اعداء الله الى غير ذلك
من الكمالات كالعلم الوسيع والعرفان
الاتم والقضاء والفتيا والاجتهاد والاحتساب
والقراءة وغيرها

بلکه ان سے بہی زیاده تہی کمال
اور در ذات حبیب لایزال

جیسے محبوبیت و قرب اتم
اور تصرف ہر طرح کی با اہم

اور قبولی ہر طرح کی با صفا
اور شفاعت اور دیدار خدا

اور ولایت اور قضا واجتہاد
اور با عدائے خدا کرنا جہاد

اور عرفان اتم علم وسیع
احتساب و قراءه وفتوی رفیع

اور سوا اسکی کمالات دگر
حد سے باہر رکھتی تہی خیر البشر

اور ولایت ہی عبارت اس سے جان
ہو تصرف دو جہان مین بیگمان

اور قرب و منزلت نزد خدا
ہو تمامی با وقار واعتلا

پر تصرف عام اور قرب تمام
منقسم قسم عدیده پر ہی عام

شرح جسکی صفحہ دارین پر
ہو نہین سکتی رقم سے ذره بہر

اور یہی باعث ہی جو افضل کہا
اس ولایت کو نبوت سے دلا

کیونکہ اسمین ہی تقرب با خدا
اور ہم راز و نیاز کبریا

خلق کی مشاہدہ اور تمہین مشغول و محبوب — تا کہ پہونچا پاکر احکام رب
اور محبوبیت اس سے ہی مثال — جملہ اعمال و فعال و قول و حال
ظاہر و باطن مین ہو محبوب حق — اور ہووے ہر طرح مرغوب حق
اور تمامی دین و دنیا کی امور — بلکہ خود بھی سر سے پا تک بی قصور
ہووی مطلوب اور مقصود خدا — اور مقرب اور محمود خدا
اور مراد اس اصطفا سے ہی یہی — ہووے مقبول تمامی کام کی
اور عبارت ہی یہ رویت سے لی — دیکھا حضرت نی خدا کو آنکھ سی
اور ہی قرب اتم تفسیر قاب — بلکہ اس سی ہی زیادہ عالیجناب
پہونچی نزدیک خدا تا آن مکان — جلتی ہین جبریل کی ہی پر جہان
کیا ہی تاب ظاہر فہم و خیال — جو کرے پرواز وہان تک سے بال
وہان نہین ملکوتیون کی ہی مجال — اسمین ہی ناسوتیون کی کیا اشغال
سن شفاعت کی تو تفسیر مبین — امتی کو ہین شفیع المذنبین
جملہ پیغمبر بامید نجات — اور تمام مومنین اہل عصات
آہین پیش افتخار انبیا — تا شفاعت کو او تہین خیر الورا
سب کی شافع آپ ہووینگی تمام — ہو نہ دم زن کوئی جز خیر الانام
اور بچاو از دشمنان کبریا — ذات حضرت سی ہی مختص بریا
اور کوئی از انبیاو سابقین — قابل اسکی بس ہوا مطلق نہین

انتہا ہی یہ شجاعت کا کمال
چاہتی تہی راہ حق مین جان و مال
رکہتی تہی علم وسیع یہ آپ سے
حال عرفان اتم کا بیگمان
جسقدر ہووے تقرب بیشتر
تہا جب اوس جا تلک قرب اتم
پس ہی عرفان اتم بہی بیگمان
عاجز آئی جس سے عقل دور بین
اور قضا رفع قضایا سے سخن
دونون جانب سے حق و باطل بیان
رکہتا تہا گردن پہ تسلیم و رضا
اور سب تاویلون سے تہی بیشتر
نور بخش دیدہ ہائے ناظران
اور کہین ہی کسی سن اجتہاد
انتظار وحی کے پیچہے رسول
دخل دیکے عقل کو کرتے عمل
ایسے ہی ہر جزئیات مان

شنا ہوا سپہر شی کا خوشخصال
زندہ ہو ہوکر فدا پہر جان کرون
پہلے اور پچہلون سے کے واقف علم کی
بیشی قرب اتم سے ہے عیان
معرفت ہووی فزونتر اوسقدر
کنہ مین کیرتی ہے جسکی عقل رم
اوسقدر جسکا نہ ہوا ادراک ہان
اور حواس و ہوش نازک نکتہ چین
ہی مبرا از صلح و صفائی جانفزا
فیصلہ کی وقت ہر یک بیگمان
غیر آمنا و صدقنا نہ تہا
از احادیث و کتبہائے سیر
ہادی ہم قاضیان و مفتیان
ہے یہ وحی باطنی سی پس مراد
در امور لابدی غیر از عدول
بہر رفع نقص و جبریان خلل
اجتہاد مجتہدین زمان

احتساب اس سی عبارت ہی تو جان — محتسب اعمالہای بندگان
یعنی ابواب حدود ہم قصاص — اور جنایات اور تعزیرات خاص
اور کمال قرأت قران سے — مشتمل بر صورت تجوید سے ہی
اور وجوہ اختلاف قاریان — کلمات و حرف مین قرأت کی ہان
ہی عیان تقریر سی اور آشکار — قاریان سبعہ سی تفصیل وار
ان کاموں کی سوا تہی اور بہی — تعبیہ در ذات آن خیر النبی
پس از انجملہ کمالات لطیف — ہی تعلق جنکا با جسم شریف
وہ ہین پیچہی پشت سی خیر الانام — دیکہتی تہی مثل پیش رو تمام
اور شب تاریک مین ونکی مثال — اور قریب و دور کا بہی ایکحال
یہ دلیل اسپر ہی روشن اور ضیا — تہا مجسم روح جسم مصطفیٰ
کار فرمایان قدرت نی ولی — نشہ ارواح سی ترکیب دی
جسم کو انوار مطلق سی بہرا — پیش و پس اسواسطہ تہا ایکسا
قوت بینائی خیر البشر — تیز تر اور دور بین تہی اسقدر
سجدہ طیبہ کی ہنگام بنا — دیکہ کر ازچشم خود کعبہ کی جا
سمت قبلہ کو کیا سیدہا بطور — دیکہہ حضرت کی بصارت کا یطور
اور جو ہی معتقد شریا ای نگار — گیا رین تاری او ہلکی کرتی تہی شنا
پس تماشی کی ہی قابل یہ مقام — کہ نگاہ ذات آن معجز نظام

واقفی حق نہیں ہی وہ ... ین — پہونچتی تہی جس جگہ تک بالیقین
کار اپنا کرتی تہی مطلق تمام — تہی سراپا نور آن خیر الانام
اور سماعت کا بہی رکہتی تہی کمال — کرتا ہون اوسکا مفصل ذکر حال
ایک دن تہا مجمع ارکان دین — جلوہ فرما اوسمین تہی سلطان دین
یہ کیا ارشاد اوسدم ناگہان — دیکہکر حضرت نی سوی آسمان
آسمانونکی ہوی دروازہ وا — پہونچی کانون تک میری اوسدم صدا
آونسی بس کروبیان ستر ہزار — سورہ انعام کی ہمراہ ... کار
آسمان سی آتی ہین سوی زمین — جو مین کہتا ہون کرو تم سب یقین
قوت شنوائی اور بینائی تہی — خاص مختص ذات آن خیر النبی
کہ نہین ہی دوسریکو وہ نصیب — کیون نہو تی خاص حق کی وہ حبیب
اور ازانجملہ جو ہین دیگر کمال — ہی دہن کا وہ لعاب بی مثال
کس زبان سی مین کرون وصف لعاب — جو نہ ہین خامہ کی بہر آتا ہی آب
روز خیبر درد چشم مرتضا — تطلیہ سی اوسکی اچہا ہو گیا
اور امام ثانی از بارہ امام — تہی جو از ذریت خیر الانام
اونکی دفع تشنگی کا سن بیان — اتفاقا جو سی حضرت کی زبان
برکتنا سی اوسکی بس سیراب ہو — دیکہادن بہر بہر زوری آب کو
اور بروز عشرہ ... ور کرب بلا — کودکان اہل بیت مصطفا

یہی ہوئی معجزہ کی لا کلام
لاتی سنگ تجربہ بین تہی دوام

ایسی تہی حلویت آب دہان
جسکی آگی شہد کی تہی پست شان

قطرہ آب دہن حضرت نی لب
دور کی شوریت چاہ انس آ

برکت سی آب موںہہ کی ایکبار
ہوگیا آب اوسکا شیرین البس گوار

معجزات آپکی ہوتین ہین جو اسطرح قسم
خامہ ہوان پیاسب اعجاز ہوا سرگردان

کہتی ہین یون راویان باکمیاز
معجزون کا ایک دفتر ہی دراز

اسقدر ہین معجزات مصطفا
حصر کرنا اونکا ہے امکان کیا

ہوتاہی پر بعض کا اوسکی بیان
ایک قران اوسکی ہی معجز نشان

جسکی کوئی ایک سورۃ زینہار
لا نہین سکتا مقابل ایکبار

اس مین اخبار گزشتہ ہین - قسم
اور آئندہ کی خبرین اوسمین ضم

دوسرا ہی شق [illegible] مصطفا
علم و ایمان سی ہی مشحون بہا

اور ہاز الجملہ وہ ہی خیر البشر
آئی جب معراج سی باکروفر

حال تب بیت المقدس کا سبہی
اور قصہ جو کہ تہا اسری کا ہی

قوم سی ظاہر کیا جب کم و کاست
کافرون نی پہر پوچہا اوسکو راست

وقت استفسار حضرت نی دیا
جو کہ پوچہا اون نشانونکا پتا

کیونکہ کی حضرت پہ ظاہر حق نی ہان
صورت بیت المقدس کو عیان

اور ازانجمله وه هی اکثر قریش
مجتمع اسپه هوی کیهی هلاک
لانی جب تشریف وهان خیر البشر
اور پهر هی موںهه اونکی سینونکی طرف
سر پر اونکی هو کهری ایکمشت خاک
ایک وه روز حنین ایکمشت بهر
رو پر رومی سب نی لی راه فرار
ایک وه کهوین چهپی پهر اورا
وسپه آبیضه کبوتر نی دئی
اور هو جاوی یقین اسباب پر
ایک وه جسدم سراقه نی در آ
پس زمین سخت مین ایکبارگی
ایک وه حضرت نی پهر اپنا هاته
دم نکلتا هو گئی وه شیر دار
ایسی پر ام معبد نی دیا
ایک وه خیر الوری نی دی دعا
یه که دی اسلام کو عزت خدا

عهد باندهه اپنا به یکدیگر قریش
سرور عالم کو تا هو قصه پاک
پهر گئی سوی زمین سبهکی نظر
آگی پهر آئی رسول ذی شرف
ڈالی اونپر هو گئی ساری هلاک
خاک ڈالی روی اعدا کی اوپر
پهر رها قائم نه کوئی زینهار
موںهه پر اوسکی جالا مکڑی نی تنا
تا نه شک کفار کو باقی رهی
که نهین اس غار مین کوئی بشر
وقت هجرت آپکا پیچها کیا
دهس گئی پا اوسکی گهوڑی کی تهی
پشت پر بزغاله کی پس اوسکی هاته
نر نهین گزرا تها اوسپر زینهار
شیر ده جب تک نهین تهی مطلقا
حضرت فاروق کو پر اقتدا
انکی باعث ویسا هی واقع هوا

اون سبھون سی ایک وہ ہی کی دعا — سرور دین نی بحق مرتضا

دفع کردی اونکی آنکھونسی خدا — گرمی و سردی جو ہو غیر از شفا

ڈالا اپنی موہنہ کا آنکھونمین لعاب — درد آنکھون کا ہوا اچھا شتاب

پہرنہ درد چشم اوتہا تا حیات — پائی درد چشم سی کلی نجات

ایک وہ چشم قتادہ ہوکی آب — زخم کہا رخسار پر آئی شتاب

آپ نی آنکھ اوسکی رکہی اوسکی جا — اور آنکھون سی بہی وہ پر ضیا

ایک اونسی وہ دعا دی ای نکو — ابن عباس اعنی عبد اللہ کو

فقہ اور تاویل قران دی خدا — حق نی ایسا ہی کیا رتبہ عطا

ایک وہ کی سرور دین نی دعا — دی برہا جابر کی خرما ای خدا

برکت حق نی عطا کی اسقدر — بڑہ گئی حد سی زیادہ وہ ثمر

تہی نہایت کم کیا اونسی ادا — حق غریبون کا تمامی بی ریا

ور شیران وسق خرما پچ رہی — صاع اوسکی ساتہہ سو اسی ہوی

ایک وہ خیر البشر نی دی دعا — اونٹ جابر کی لئی ہو تیز پا

سب سی پیچہی چلتا تہا وقت خرام — پہر لگا رکہنی وہ بڑہ کر سب سی گام

ایک وہ حق انس مین کی دعا — حضرت خیر الوری نی ای ولا

طول ہو عمر انس ای ذو الجلال — اور ہو وی کثرت اولاد و مال

بس خدا نی کی عطا ای بیکران — بڑہ گئی اولاد و مال و عمرہا

ایک وہ ہی حق سے استسقا کیا | مینہ برابر سات دن برسا کیا
دفع باران کی لئی کی پہر دعا | ابر فوراً آسمان سے ہٹ گیا
ایک وہ ہی عتبہ کو کی بد دعا | شیر نی پہاڑا اوسکو زور این لیا
ایک وہ فرمایا اعرابی کو آ | پڑہ رہ اسلام تا پاوی خدا
بولی شاہد ہی کوئی بولی کہ ہان | یہ شجر دیگا گواہی اس زمان
پہر بولایا اوس شجر کو آیا پیش | اور شہادت چاہی بی کم اور بیش
تین باری دی گواہی ہٹ گیا | اپنی جا پر جس جگہہ تہا وہ کہڑا
ایک وہ ہی جب ایسا ہو گئی | دو شجر آپس مین باہم پہر جڑی
ایک وہ حضرت انس کو یون کہا | کہدو خرماکی درختون سے یہ جا
تم ہو آپس مین فراہم جیسے ہوئی | جبکہ حاجت سے فراغت پا چکی
یون انس سے پہر کہا کہدو ابہی | جاوین اپنی اپنی جا پر ہٹ سبہی
جب ایسا وہین ساری ہٹ گئی | پہلی تہی جس جس جگہہ پر وہ کہڑی
ایک وہ ہی سوتی تہی خیر البشر | پیڑ تا آیا زمین کو ایک شجر
آپ کی آگی کہڑا آکر ہوا | ہو کی بیدار آپ نی سب سے کہا
یہ شجر تہا وہ سنو تم کان دہر | میری زیارت کا یہ خواہان بسر
اذن لیکر آیا از رب انام | ہٹ گیا بس بہیجکر مجکو سلام
ایک وہ سنگ و شجر بولی سلام | وقت بعثت آپ پر با احترام

ایک وہ بولی رسول اللہ حجر ۔ لکہ مین پہچانتا ہون وہ حجر

جس حجر نی بہیجا تہا مجہپر سلام ۔ پہلی اوس سی ہون مین مبعوث امام

اور ازانجملہ وہ ہی ای خوش لقا ۔ جبکہ حضرت کی بنی منبر بنا

اوس ستون نی گریہ وزاری کیا ۔ وقت خطبہ جو تہا تکیہ آپکا

ایک وہ تسبیح در دست نبی ۔ سنگریزون نی کہی سبحان حق

ایسی ہی تسبیح بولا تہا طعام ۔ معجزون سی ہی یہ حضرت کی تمام

ایک وہ ہی لحم زہر مین سم ملا ۔ لائی کافر پیش ختم الانبیا

لحم زہر بولا کہ یا خیر البشر ۔ کہائی مت مجہہ مین سم کا ہی اثر

ایک وہ پیش رسول خوش مرام ۔ اونٹ نی آکر یہ عذر واحترام

اپنی مالک کا کیا شکوہ عیان ۔ مجکو پہونچاتا ہی تکلیف و زیان

کہانا کم دیتا ہے مجکو یا رسول ۔ کام لیتا ہے بہت سا بوالفضول

ایک وہ ہی مادہ آہو نے آ ۔ عرض کی پیش رسول مجتبا

یہ کہ حضرت دو چہوڑا مجکو تا ۔ اپنی دو بچونکو مین دون شیر جا

پس وہ یا حضرت نی چہوڑ اوسکی تئین ۔ بولی وہ کلمہ شہادت کا وہین

ایک وہ دن بدر کی دی یون خبر ۔ کشتہ ہوا اسجا فلان کافر مقر

اور مارا جا فلان اسجای پر ۔ پس نہ آیا فرق اسمین موی سر

ایک وہ ہی دی خبر ای پاک کیش ۔ ایک بلا سخت آ ایکی عثمان کو پیش

بس ہوا ویساہی جو فرمایا تہا
اور از انجملہ وہ ہی ای پاک خو
میری پیچہی تمکو پیش آوی زمان
پس اسی صورت ہوا واقع تمام
ایک وہ حق حسن مین یون کہا
اورہی نزدیک دی اوسکی سبب
پس ہوا ویساہی واقع بیگمان
ایک وہ ہی دی خبر احباب سی
یعنی اوس شب قتل حسن شیبین ہوا
نام قاتل سی بہی دی اوسکی خبر
ایک وہ ہی ثابت ابن قیس کو
زندگانی یہ کہی اوسحال مین
اور قتل اوسوقت ہو جب ہو شہید
ایک وہ دی یہ خبر مرتد ہوا
بعد ان پہونچی یہ حضرتکو خبر
یون لگی فرمانی با اصحاب دین
دفن بس کرتی تہی اوسکو بار بار

اوس بلا مین قتل عثمان کا ہوا
آپ نی فرمایا تہا انصار کو
شبیہ دین اور ونکو ترجیح بیگمان
معویہ کی وقت مین ای نیکنام
بیمر ابنتاہی سعید بیبیا
دو گروہ مومنین مین صلح رب
کچہہ نہ فرق اوسمین ہوا ہرگز عیان
قتل اسود عیسی کذاب سے
باوجود اسکی کہ وہ صنعا مین تہا
آپکو اوس جا سے آتا تہا نظر
آپنی فرمایا تہا یہ ای نکو
ہو ستودہ خصلت و افعال مین
پس ہوا ارشاد یہ وہ سعید
ایک مرد اور مشرکون مین ملگیا
مرگیا وہ شخص تب خیر البشر
اوسکو بیوی گی نہین ہرگز زمین
اور زمین باہر اوسی نکلی تہی خوار

ایک وہ ایک شخص کہاتا تہا طعام | دست چپ سی دیکھہ کر خیر الانام
بولی دست راست سی تو کہا بعیش | وہ بہانہ سی یہ لایا عذر پیش
مجکو دست راست کی طاقت نہین | آپنی فرمایا ہو ویگا پہر نہین
پہر ہوئی اوسکو نہ طاقت بعد ازان | اپنی سینہ سی ہاتہہ کی سوئی دہان
ایک وہ داخل ہوئی خیر الانام | روز فتح مکہ در مسجد حرام
گرد کعبہ کی معلق تہی بتان | ہاتہہ مین لکڑی ایک مختصر کی ہا ان
پس اشارہ اوس سی کرتی تہی تمام | اور جاء الحق زبان پر تہا کلام
آخرش وی بت تمامی گر پری | اپنی جا پر سرنگون وی قائم رہی
اور از انجملہ وہ ہی مازن کا حال | حاصل اوسکا یہی ای نیکو خصال
جوف بت سی یہ کلام اوسنی سنا | شر ہوا دور اور نبی پیدا ہوا

یا مازن اسمع تسر ظہر خیر وبطن شر بعث نبی من مضر بدین
الله الاکبر فدع نحیتا من حجر تسلم من حر سقر

پہر سنا اقبل الی کا کلام | یہ کہ ہی ہذا نبی خیر الانام

اقبل الی واقبل تسمع ما لا یجہل ہذا نبی مرسل لوحی
منزل فآمن بہ کی تعدل من حر نار تشتعل وقودہا بالجندل

پس کیا اس بات نی اوسکو اثر | کفر چہوڑ آیا وہ اسلام پر
اور از انجملہ تو سن ای پاک فکر | ہی سواد ابن قارب کا وہ ذکر

حاصل اس قصه کا یه هی بیگمان
جنی دیتی تهی خبر اوسکو تمام
این قار بکو اوسی جن نی خبر
اتباع دین آنحضرت مین آ
ایک وه هی شاهدانه سو سمار
اوسکا یون قصه هی لایا سو سمار
اور تهی بیتهی هوی خیر الانام
اوسنی پوچها کون هی یه و خبر
هوکی نزدیک رسول ذوالجلال
کهیه ایمان لاوی تو مین هی ابهی
پس ندا کی اوسکو حضرت نی پکار
اوس سی پهر حضرت نی پوچها دکهتا
بولا رب العالمین کو یا رسول
جسنی کی تصدیق تیری بی ریا
جسنی جهتلایا تجهی ای پاکزاد
لایا وه اسلام اعرابی دو هین
کهتی هین اعرابی از روی شمار

تها وه کاهن جاهلیت مین عیان
حادثه مستقبل سی ع بالدوام
دی سه شب از بعثت خیر البشر
معتقد هوکر مسلمان هو گیا
بولا حضرت کی نبوت پیر نگاه
ایک اعرابی کوئی کرکی شکار
اور گرداگرد اصحاب کرام
بولی سب هین حضرت خیر البشر
بولا وه یون سو سمار اوسدم لگا
بی ابا ایمان لی آون ابهی
صدق سی لبیک بولا سو سمار
کسکو کرتا هی عبادت بی ریا
پوچها پهر مین کون هون بولا رسول
وه بلا شک بندو نخ سی چهتا
هوگیا دونون جهان سی نامراد
اور کی تصدیق خیر المرسلین
لائی ایمان آپ پر تهی ایکهزار

اور ازانجملہ وہ ہی کر استماع — غزوہ خندق مین تھا جو ایک صاع
الف کس کو سیر حضرت نے کیا — اور کھانا زیادہ تر اول سی تھا
کچھ نہ آیا فرق اوسمین ایک جو — کھانا تھا دستور اول نو بہنو
اور ازانجملہ وہ ہی انجو تھی بقا — ٹوٹنے لشکر جو تھا آخر ہوا
کہ اکٹھا اوسکو تھا جو کچھ بچا — اوسمین افزائش کی کی حق سی دعا
ساری لشکر کو وہ بانٹا پہر طعام — پہونچا پہر غزوۂ تبر کو بالمرام
ایک وہ در خدمت خیر البشر — بوہریرہ لائی خرمائی مشت بھر
عرض کی میری لئی کیجی دعا — برکت دی اس چہارونمین خدا
کی دعا حضرت نے یارب کر عطا — برکت اس مشت بھر خرما مین تا
ہوں فزون کھائی کھلائی عمر بہر — کم نہ ہوتی پائی اوس سی ایک ثمر
بوہریرہ کہتے ہین گرچہ ثمر — لاتا تھا جہولی سی باہر مین نکال
ختم ہی ہمین نہ آتی تھی فدا — دیتے تھی وسق در راہ خدا
کھایا تھا مین او کھلاتا تھا ہمیش — کم نہ ہوتی تھی مگر ہوتی تھی بیش
قتل عثمان کا ہوا کہتے تھی جب — برکت اونکی ہوئی مفقود سب
ایک وہ ہی دعوت اہل صفہ کی — ایک پیالہ تھا ثرید او سیر کی
بوہریرہ کہتے ہین بار بار — پیش آتا تھا تعرض سے بکار
اس لئی بیوین بلاتا مجکو بھی — یہان تلک وہ قوم ساری کھا اٹھی

اور بچہوڑا کچہہ پیالہ مین ذرا
کر لیتہا آپنے لقمہ بنا
برکت نام خدا سی تو بہی کہا
ہی قسم مجکو خدا کی وہ طعام
ایک وہ جاری ہوا آب زلال
ایک ہزار اور چار سو تہی آدمی
سیر ہوکر سب نی وہ پانی پیا
ایک وہ در خدمت خیر الانام
چاہا اوسمین رکہین اپنی اونگلیان
اوسمین تب چار اونگلی رکہکر یون کہا
سے ستر اسی تن نی کی اوس سے وضو
ایک اونٹنی وہ ہی در جنگ تبوک
پانی پر وارد ہوے سب خاص و عام
خدمت خیر البشر مین سب نی آ
اپنے تیر ایک ترکش سی دیا
جب کہ گاڑا تیر اوس پانی مین لا
سب ہوا سیراب لشکر ای نگار

پہلوون مین تہا مگر کچہہ بچ رہا
اونگلیون پر اپنی رکہکر یون کہا
بوہریرہ کہتی ہین یون ہی رہا
سیر ہوکر مینی بہی کہایا تمام
اونگلیون سی آپکی ای خوش خصال
ہو لیا سبکی لئی وہ مکتفی
اور وضو بہی ہر کسینی کر لیا
اوس مین کچہہ پانی تہا لائی ایکجام
لیک گنجائش ہوئی اوسمین نہ ہان
آو تم سیراب ہو پانی سی تا
اور پیا پانی بہی بس سیراب ہو
پیاسا سب لشکر تہا ای اہل سلوک
تہا وہ پانی ایک کو کافی تمام
اضطراب پیاسکا شکوہ کیا
اور کہا پانی نہین دو اسکو کرا
پار کر جوش آب پہر سو بہ چلا
تن ہی گنتی مین تمامی سی ہزار

ایک وہ ایک قوم کی حضرت سی آ ۔ آب شور چاہ کا شکوہ کیا
آپ کی یارونکو پہرہ وہان گئی ۔ اوس کوئین پہر ہو کی حضرت کی کہر
اپنا ڈالا اوسمین بس آب دہان ۔ آب شیرین ہو گیا ایکدم مین ہان
گرچہ اوس سی ہی کہینچتی تہی آبکو ۔ منقطع ہوتا نہ تہا پہر ایک سو
ایک وہ در خدمت خیر البشر ۔ ایک عورت اپنا لی آئی پسر
تہا وہ بیماری کل مین مبتلا ۔ سر پہ پہیرا ہاتہہ اچہا ہو گیا
ہوگئی دم مین برابر ہوئی سر ۔ پہر نکچہہ کل کا رہا باقی اثر
اوسکو جب اہل یمامہ نی سنا ۔ تب وہین ایکدن اونہونسی ملا
جو کہ ہی مسیلمہ کذاب کر ۔ ہر زبان ہو وہ عالم مشتہر
پاس اوسکی لیگئی اپنا پسر ۔ ہو گیا وہ طفل گنجا سر بسر
اور وہ علت نسل مین اوسکی رہی ۔ ہوے سر ہرگز نہ بیماری گئی
ایک وہ دن پہیرا آگئی جب شکست ۔ ہو گئی شمشیر عکاشہ شکست
ایک چہری دی گہاس کی اوسکی ۔ ہو گئی وہ بیخ شمشیر اپی ولا
پاس اوسکی وہ رہی دائم جری ۔ تیغ کی حاجت نہ کچہہ اوسکو رہی
کار وہ کرتی رہی تلوار کا ۔ بلکہ کار ایسا نہ تلوارونکا تہا
ایک وہ خندق مین آیا تو وہ پیش ۔ کہودتی تہی گرچہ اوسکو یک کیش
لیکن اوسمین کچہہ اثر کرتا نہ تہا ۔ سونہہ کدالون کا سی بہہ گیا

آپ نی دست مبارک سی گدال
ماری اوس تودہ مین تا بکمری زوال

ضرب سی اوسکی وہ تودہ خاک کا
دم نگذرا ریزہ ریزہ ہوگیا

ایک وہ تودا جو عبد اللہ کا پا
ہاتھ اپنا اوسپہ حضرت نی رکھا

ہوگیا ایکدم مین وہ ایسا درست
تھا وہ دائم ایسا ہی گویا درست

اور از انجملہ وہ ہی ایک بہیریا
ایک آہو کی کہین بچہی پہرا

دور کر آگی سی اوسکی وہ ہرن
آگیا اندر حرم کی بی صحن

رہگیا باہر حرم کی بہیریا
پہر تعرض کچہہ نہ آہو سے کیا

دیکہکر نوفل ابو سفیان یہ حال
لایا دلین کچہہ تعجب کا خیال

ہو مخاطب اوس سی پہر یہ نی کہا
رکہتا ہے دلین تعجب اسکا کیا

ہی عجب تر اس سی وہ تمکو رسول
کرتا ہی دعوت تم اوسکو ہی عدول

ایک وہ ہی سوتی تھی خیر البشر
زانو پر حضرت علی کی رکھکی سر

وقت گذرا عصر کا شیر خدا
کچہہ نہ بولی پر ادب سی مطلقا

جب ملال از حد ہوا روئے بیشک
آپکی مونہہ پر گرے قطرات اشک

آپنے آکر افاقہ مین ز خواب
پوچھا ہی کسواسطہ یہ اضطراب

آپ پر ظاہر کیا جو تھا سبب
کی دعا حضرت نی در درگاہ رب

باوجود این چہپ گیا تہا آفتاب
پہر پہرا تہا قدر نماز اوسدم شتاب

جب ہوئی فارغ علی مرتضا
از نماز عصر تب سورج ہٹا

ایک وہی آپ پر کوہ حرا　　السلام علیک بولا سنگ بہا
سنگریزی ہین آپکی لا انتہا　　جمع اونکا ہے نہین ممکن قرا

ہی بیان اسمین سراپا صفت ختم الانبیا
دو زبانی سی قلم ہوتا ہی یون دُرافشان

آپ مین تہا اسقدر حسن و جمال　　بدر کامل جسکی آگی تہا ہلال
ہے براء عازب کی بیٹی سی بیان　　دیکہا حضرت کو شب مین عیان
پہنی تہی جب آپنی ہی خیر الورا　　حلہ سرخ و لطیف و با ضیا
دیکہتا تہا مین سوی خیر البشر　　گاہ سوی لمعہ نور قمر
ہی قسم ذات خدا کی تہا　　لمعہ نور محمد مصطفا
غالب از مہر روشنی ماہ پر　　بلکہ تہا نور قمر سی جلوہ گر
اور کف حضرت لطیف و بی نظیر　　تہی زیادہ خز و دیبا و حریر
اور شمیم جسم خیر المرسلین　　تہی ز بوی مشک و عنبر تر ترین
جس گلی کوچہ سی کرتی تہی گذر　　مشک و عنبر سی ہوتی سربسر
اور اسی آثار سی پس ماندگان　　پہنچتی تا سرور پیغمبران

روایت

اسطرح کرتی روایت ہین انس　　آپکی تہی یار و ہمدم ہمنفس
تہی نہ کوتاہ اور نہ قد آور نبی　　اوسط القامت تہی محبوب غنی

تہا نہ بیبانہ رنگ قامت کی مثال / تہی ملاحت اور صباحت باکمال

نہ سفیدی ہی رنگ مین کثرت سی تہی / اور نہ کثرت سی ملیح محض بہی

اور سر پر تہی جو موی عنبرین / تہی نہ سپید ہی اور سپید ہی لسین کہین

معتدل تہا جسم خیر المرسلین / تہی نہ لاغر اور نہ بیغایت سمین

گندمی تہی گرچہ رنگت آپکی / پر وہ یک سرخی کی پیدا اوسمین تہی

روایت

ہی فرمود علی مرتضا / ہین وہی وصاف جناب مصطفا

تہی رخ انور مین گولائی ذرا / کچھہ توسط راستی سی تہا ملا

تہی بہت خوبی کی آنکہین پر سرور / اور درازی مژہ بہی بی قصور

اور خوبی و بزرگی سی تمام / سر فرق و شانہ کی پیوندای ہمام

اور نہ تہی حضرتکی انگشت پہ بال / اور نہ بی موئی کا عالم بہی کمال

تہی کہین مو اور کہین اندام صاف / اور کہنچا سینہ سی مو خط تا بناف

تہی کف دست و کف پای بہی / وز بزرگی مناسب فربہی

انگلیان بہی تہین بہت اسلوب تر / خوش خرامی بہی بطرز خوبتر

اور تہی مہر نبوت پر ضیا / درمیان ہر دو دوش مصطفا

اور تہا یہ آپ مین جود و عطا / دہنی مین ہرگز نہ کرتے تہی خطا

کچھہ و لب راستی سی تہی بہری / تہی مناسب اونکو جو صادق کہی

تھی ملائم خو نہایت نرم قال — دوستوں کو اپنی رکھتی شاد حال
اور حسن خلق ہی میں خیر البشر — رکھتی تھی احسن سی احسن مشتہر
کوئی خوشتر و خوبصورت ایسا — چرخ نی دیکھا نہ عالم نی سنا
ہی علی ابن ربیعہ کا مقال — تھا تبسم میں توسط ہر محال

روایت

ہی روایت یہ انس سی ایک اور — جس سی ظاہر طبع کا ہوتا ہی طور
یعنی تھا سردار عالم کا مزاج — ایک طرح کی بس ہنسی سی امتزاج
اپنی یاروں سی بحسن اقتراح — کرتی تھی بس سرور عالم مزاح
راستی سی ہوتا تھا پر وہ کلام — جھوٹ کا مطلق نہیں تھا اوس میں نام

روایت

ہی حسن ابن علی سی یہ بیان — ہند ابی ہالہ سی کرتی ہیں عیاں
اور کرتی ہیں حسین مرتضا — باپ سی اپنی بیان دلکشا
وقت استفسار فرمایا مجھی — سن یہ تھا دستور نانا کا تری
گھر میں داخل ہوتی تھی جب مصطفا — رات دن معمول تھا یہ آپکا
تین حصہ کرتی اوقات اپنی سب — ایک حصہ میں عبادت بہر نفس
حصہ ثانی میں حضرت دائما — حق ادا کرتی تھی اہل خانہ کا
تھا جو باقی ایک حصہ تیسرا — وہ برائی ذات والا خاص تھا

نیک تها اوسکا یهی یون تقسیم کار
هو خلوص دلسی حاضر با نیاز
هو کی فیض احمدی سی فیضیاب
از خواص و عام حضرت نی کبهی
پوچهنا اسباب کا یهه مین کیا
کیا کیا کرتی تهی باهر گهر سی کام
تب کیا حضرت علی نی یه بیان
بی ضرورت که زبان پاک کو
سب په کرتی تهی تفقد بیکران
پهر یه حیدر نی کہا وقت سوال
گر کسی محفل مین آتی شاه دین
کرتی آخر صف مین بس آرام
اور تها ارشاد امت کو یهی
اور سنو تم آپکا اعجاز اور
جانتا تها اپنی دلمین هر بشر
اپنا مطلب جو کوئی کرتا بیان
اوس سی پهلی هی سنتی تهی

تهی جو خاص اختصاص ذی لیل و نهار
کرتی تهی حضرت سی اکثر حال راز
کرتی تهی تعلیم با هر شیخ و شباب
کی وه فیضان دلی سی کو تهی
گهر سے باهر آتی جب خیر الوری
دیکهی انکا سب سی بالمرام
تها یه معمول شهنشاه جهان
دیتی رخصت نی تکلم کی کبهو
مهر و الطاف و شفقت کی بیان
سائلون سی بر ملا مجلس کا حال
بیٹهه جاتی تهی جگهه پا کر کهین
پهر فرماتی خواص و عام تهی
ست کرو تم اس ادب مین کچهه کمی
رکهتی تهی الطاف و بخشش کا ظهور
هے کرم خاص آپکا میرا یقین
خلق سی پیش آتی اور سی بها تها
کرتی تسکین اوسکی تهی الکلام

تا بمقدور اپنی حضرت دائما ۔۔۔ سائلونکی کرتے تھے حاجت روا
آپ سبکی ساتھ یون تھے مہربان ۔۔۔ باپ ہوتی ہے جیسے مہربان

روایت

ہی کلام عائشہ سی یہ بیان ۔۔۔ حسن خلق مصطفیٰ مین سب عیان
تھی یہ خو نام خدا بس آپکی ۔۔۔ دی بہلا ہر ایک کو شفقت باپکی
ہاتھہ سی اپنی کسیکو زینہار ۔۔۔ گاہ حضرت نی نہ مارا بہر کار
نی کسی خادم کو خدمت کی لئی ۔۔۔ نی کسی عورت کو عجت کی لئی
اور اگر مارا تو مارا برملا ۔۔۔ اپنی حکم خدا سی برخطا
اور تہی یہ آپ مین شرم و حیا ۔۔۔ مین کبہی دیکہا نہین ستر آپکا
تہی کمالات اور بہی اسکی سوا ۔۔۔ ذات مین حضرت کی کیا ہی انتہا
معجزہ شق القمر کا یک بیک ۔۔۔ ہوگیا ظاہر عرب سی ہند تک
راجہ سراندیپ نی تصدیق کی ۔۔۔ اور مسلمان ہوگیا دل سی قوی
ایک حاکم تہا ز حکام دکہن ۔۔۔ یعنی راجہ بہوج بی ریب سخن
وقت شب یہ معجزہ در چشم سر ۔۔۔ اوسنی بہی دیکہا تماشی جلوہ گر
اور کمال سیر معراجی تمام ۔۔۔ اور سواری براق تیز گام
اور گزرنا سدرہ سی تا حد قاب ۔۔۔ سورہ اسری سی ہی بس کامیاب
اور تاریک و جلی مین پیش و پس ۔۔۔ دیکہتی خیر البشر یکسان تہی بس

اور جمائی کا نہ آنا عمر بھر
اور بوی مشک آنا عرق مین
اور بریدہ ناف ہونا آپ کا
اور کلمہ پڑہنا اور کرنا کلام
اور ہونا بول و غائط کا نہان
اور کرنا چاند کا باتین عزیز
اور ملائک کا ہلانا بالدوام
اور ظرف مین آپکی بس ور اثما
بیٹھنا مکھی کا پیر و نیز نہ گاہ
آپکا ہم ہونا مرقد مین حیات
اور اوتھنا آپکا قبل از انام
اور ہونا آپکو یا احترام
اور چلو مین آپکی ستر ہزار
اور ہونا آپکا کرسی نشین
اور مشرف ہونا حضرت کا تمام
اور لوا الحمد کا ہونا ہاتہہ مین
اور گذرنا سب سے پہلی بالنشاط

اور نہونا محتلم اپنحوش سے
اور نشمرہ پانا غمر کو شہر ہمن
اور مختون صاف ہونا آپکا
وقت پیدائش کی سجدہ اور سلام
آنا بوی مشک و عنبر اوسمکان
آپ سے باخوش کلامی و تمیز
ہہد حضرت کو بعز و احترام
میل کرنا سایہ اشجار کا
صاف الائش سے ہر شام و گاہ
اور ادای پنجوقتی وہان صلوٰۃ
اور افاقہ بہشتی سے دن قیام
لیس سواری براق تیز گام
ہووین کرسی دلی محکم کردگار
عرش اعلی کی عیان سوی کہین
از مقامی آنکہ شد محمود نام
اور سب پیغامبر ہون ساتہہ مین
شتل برق خاطفہ از پل صراط

کھولنا اسپہ در خلد بریں — اور پانا عزت و فخر متین
اور تجلی بالطبع کرنا کلام — دور تا بیچہ شفاعت کی مقام
ہین یہ سب مخصوص فخر انبیا — وانکا صلوا علیہ والثنا
الغرض جملہ کمالات و ہنر — جمع تھی در ذات آن خیر البشر
جامع اوصاف تھی رفعت پناہ — آیہ اکملت ہی اسپہ گواہ
مجلا القائی خوبی و کمال — اور احصاء صفات و ہم خصال
ہی بیرون بس و دورہ تخمین سے — حد تقریر و رقم سی ہی پرے
کہ نہین سکتا قلم کار زبان — اور زبان کار قلم ہی بیگمان
پس علم کر مختصرین کا بلند — اس فضا ہی لق و دق مین چار چند
اور ہوا اس قال سے طیب اللسان — مختصر قصہ ہی یہ اور داستان
ہی خدا کی بعد بین تو ہی بڑا — تجھسا دنیا مین دیکھا سنا

نہو تھی ختم رسالت کو شہادت حاصل
حکمت حقیقی کہ ہوتا سے تمام اسکا بیان

یون بیان کرتی ہین عالم اوسکا حال — تھی حکمت اسمین بسن فی قبیل و قال
الصاف ذات خیر المرسلین — ہی مسلم سب کا او سپر نہین

لکن ولقی آنکہ کمال لم یحصل لہ بنفسہ فہی الشہادۃ

آپ ہین لیکن شہادتکا کمال — رہگیا باقی یہ تصدیق این مقال

وددت انی اقتل فی سبیل الله ثم احیی ثم اقتل ثم احیی ثم اقتل ۞ ۞ ۞

قتل کا خواہان ہون در راہ خدا — زندہ ہوکر پھر کرون جانکو فدا

قتل ہووی پھر دوبارہ دگر — زندہ ہوکر پھر سہی مین کشتواون سر

جو نہوتا اس شہادتکا حصول — بی سبب امکان نرکہتا تہا قبول

پس بکشف راز این اسرار تام — ذکر کرتا ہون متانت سی کلام

والسر فی عدم حصولها له بنفسه صلی الله علیه وسلم انه لو استشهد فی الحرب لادی ذالک الی کسر شوکة الاسلام واختلال الدین فی نظر العوام

اور نہ حاصل ہونیکا یہ بہید تہا — ہو ذر و دحق بذات مصطفا

جنگ کی میدان مین گر ہوتی شہید — تو ہر آئینہ بلاشک ای سعید

شوکت اسلام پاتی اختلال — عام کی نظرون مین یہ کرکی خیال

سمجھی ہوتی تو ز دست کافران — ماری جاتی کب باین تمکین شان

کیا نہین معلوم ہی تجکو یہ حال — کہ بنا شیطان نی شکل جمال

اس سخن بی مغز کا شہرہ دیا — چار سو جنگ احد مین جا بجا

قتل احمد ہو گیا آگاہ ہو / رنج سب جاتی رہے تم خوش ہو
پس ہی کیا کیا حیص وبیص ای نیکخو / لشکر اسلام مین آئی نہو
کو فنا ہی وہ تفرق انتشار / لشکر نصرت مین پایا ہو نہ بار
جب کہ اس مضمون کذب آمیز سے / اور کلام مفسدہ انگیز سے
تہوڑی ہی فرصت مین بجید وسیاوب / پہر گیا ہو اسطرحکا انقلاب
فتح ونصرت کا قضیہ منعکس / ہو ہزیمت کی طرف ایکخوش نفس
پس مطابق واقعہ کو کر قیاس / کار یہ پہونچا وی کہانتک ہی اساس

ولو استشہد غیلۃ وسرا کما وقع لبعض خلفائہ لم یشتہر امر شہادتہ

اور جو جیکی ہوتی ناگہان / تو شہادت آپکی رہتی نہان
جسطرح اکثر خلیفہ آپکے / با شہادت سوی جنت چل بسے
ہی مراد اکثر خلیفون سی یہی / حضرت فاروق وعثمان وعلی

کار وغم سے ہوا چاک جگر خامہ کا
پہر زبان آیا عمر کی جو شہادت کا بیان

کہتی ہین یون راویان وقت سحر / مسجد نبوی مین آ حضرت عمر
کر کی اول مشغول سوی ہی نماز / پیش ہو سبکو پڑہاتی تہی نماز
تاکہ فیروز مجوسی نی کہ تہا / انتظار فرصت این کار تہا

پالکی قاتل بوقت مشغول صلوٰت — کار دو ہستی یہ کی واردات
پیٹ پر دو تین ضربین تمام کی — رخنہ والا سلطنت مین اسلام کی
زخم کاری کھا کی پہنچی عمر — صبر کر او سچا خدا کی نام پر
اور خلیفہ کر دیا اوسنوقت سی — عبد رحمن کو امامت کی لئی
اوٹھہ کی وہان سی اپنی گھر تشریف لا — ہر کہ و مہ کو وصیت کی بلا
تیسری دن روز تہا اتوار کا — غرہ ماہ محرم کو کیا
اس جہان سی سوی جنت انتقال — ہجرت ہوئی تہی چوبیس سال

روایت

کہتی ہین یہ راویان خوش نسب — آپکی ہی یہ شہادت کا سبب
تہا کوئی ایک شخص ابولولو بنام — یعنی فیروز مجوسی تہا کہ نام
ایک نی حضرت عمر کی پاس آ — یون شکایت آپسی کی برملا
ہی جو ابولولو مغیرہ کا غلام — کیا کہون حضرت کیا جو اوسی کام
مین نی ایک کافر کو مارا جنگ مین — اور یہ بہی تہا ہماری سنگ مین
مین نی گھوڑی سی اوتر جایا یہ کام — اوسکا سب اسباب لونے اوتار
اس ابولولو نی یا حضرت عمر — مجھسی پہلی ہی زرہ لی وہ دور کر
گر مرا حق ہی تو مجھکو دو دلا — ورنہ جسمین آپکی ہووے رضا
یون ابولولو سے بولا کر کہا — تو نی کچہہ اس شخص کا دعوے سنا

ہی بلاشک مارنیوالی کا حق
ای ابولولو زرہ دے اسکی پہیر
گرچہ اوسنی اس زرہ کو پہیر دے
اور لگا رکہنی عمر سے دلمین کین
آخر ایکدن وہ لعین وقت سحر
اور صف ثانی مین بیٹہا نابکار
جب نماز حق لگی پڑہنی عمر
کر دیا سینہ سی لی تا ناف چاک
پہلا رخنہ ہی یہی اسلام کا
آپنی فرمایا دیکہو لو خبر
جب کہ دیکہا ہی ابولولو شقی
نی کسی کی ہاتہہ سی مرتا ہوا
اور ہی شکر خدا کے داد گر
جبکہ بولولو وہان پہ گہر گیا
پہر شکم مین اپنی خنجر مار کر
اپنی سنکر گیا شکر خدا
آپ ہی وہ مرگیا تیرہ درون

مدعی ہی اس زرہ کا مستحق
دیکہنا ہرگز نہ ہونی پائی دیر
پیر گرہ دلمین عداوت کی پڑی
اپنی کج فہمی سے وہ ناحق گزین
آیا اپنی گہر سے خنجر باندہ کر
چہپکی سی مطلب کا اپنی انتظار
اوسنی خنجر تین ماری پیٹ پر
صبر کر بیٹہی بدرد دردناک
ڈالا اس ملعون بولولو نی وا
کون یہ جاتا ہے مجہکو مار کر
یون کہا الحمد للہ القوی
میرا جہگڑا اس مسلمان سی ہوا
مین نی جان دی امر بالمعروف پر
آدمی دس اور ماری کرجفا
مرگیا وہ آپ ہی شوریدہ سر
کوئی نہ میری واسطہ مارا گیا
اپنی ہاتہون آپ اپنا کر کی خون

یہی ہی سب شرح مشارق مین لکہا
پہلی تاریخ محرم کو عمر
زخم آیا بدہ کی دن چہبیسوین
تیسری دن جمعہ کو پائی وفات
غسل دی حضرت علی نی دی دعا
اپنا سا چہوڑا انکو نی میرا حبیب
ہی قسم رب کی مجہی ہی یہ یقین
سر اوبیان راست ہین و نیک دم
لنبا قد تہا سرخ چہرہ میر سیرا
آپ مین پوری تہین یہ گیارہ صفت
اور تواضع ہم کرامات و سخا
اور توکل اور ریاضت بی شمار
آپ کی حق مین یہ حضرت نی کہا
اگر نبی ہوتا کسی تو ای سعید
اور یہہ بہی کہہ گئی خیر البشر
اور یہ بہی کہتی تہی خیر البشر
اور الحق منطق ہین مصطفا

جای شک اسمین نہین ہی مطلقا
تہی ہوے پیدا اسن از روی خبر
ماہ ذی الحجہ مین تو کر اسکو یقین
سن تہی چوبیس ہجری اور تہی چاند برا
رحمت حق تجہپہ ہووے دائما
ہو ملاقات خدا جس سے نصیب
دونون اپنی یارون پاس ہم دفین
کرتی ہین یہ آپکا حلیہ رقم
سید ہی داڑہی سرخ آنکہین ہین ضیا
زہد و تقوی صبر او سکینت
اور مجاہدہ اور ہم خوف خدا
اور خلق از بس نہایت دیندار
دیکہہ الحق جدیدا دائما
اور بہلا جی کو اور مر تو شہید
کہ سراج اہل جنت ہی عمر
بہاگی ہے شیطان از ظل عمر
کہتی تہی حق مین عمر کی ای ولا

تیری پیچھی کوئی گر ہوتا نبی
تو ہر آئینہ عمر ہوتا نبی

اور سوا اسکی بہت کچھہ ہی کہا
اسں جگہہ سب ہو سکی نہ کو کہا

اونکی مرضی کی موافق خود خدا
بہیجی تہا احکام نزد مصطفا

ہوتا ہی چاک جگر تیغ الم سی اپنا
آیا نہ کو شہادتکا جو عثمانکی یہان

اور عثمانکی شہادتکا بیان
کرتی ہین یون ذکر محمل راویان

روز جمعہ یعنی عید المؤمنین
اورہ ذی الحجہ کی تہی اٹھارہ ون

آپ گہر بعد از نماز جمعہ کی
تہی تلاوت مین کلام اللہ کی

چند کس از شور بختان جہان
یعنی مصری تیرہ رو بلوائیان

بام ہمسایہ سی کودی لیکی تیغ
عین مشغولی مین مارا بیدریغ

پہونچی تہی نوبت باین آیہ کبیر
فسیکفیکہم اللہ تا اخیر

سرخی خون آپکی ای نیکنام
ہو گئی شنجرف آیہ کی تمام

باوجود انقراض از بسکہ
اور مرور ایام باقوم وسنہ

اوس کلام اللہ مین ای ذی الفروز
خون کی آثار باقی ہین ہنوز

سانحہ عثمان کی خون کرنیکا آہ
ایک آیہ ہی ز آیات الٰہ

اوسکی ہی تفسیر باخوبی عیان
ہی نہین محتاج شرح و ہم بیان

روایت

قتل عثمان کی بڑی ہی داستان
مختصر کچھ اوسکا کرتاہون بیان

تہا جو عبداللہ نام ابن سبا
عالم توریت اور انجیل کا

اوسکی دلمین تہا یہ کینہ روز و شب
اور اوٹہاتا تہا بہت رنج و تعب

جبکہ شہر مصر کو فتح ایولا
وقت مین فاروق اعظم کی کیا

اوسکی ہمقوم قبیلہ سی زبان
نکلی ہی آئی تہین مسلمانونکی ہان

شرم اور غیرت کی ماری وہ غبی
دشمنی سی ہو رہا تہا مدعی

دہوم جسدم پڑگئی اسلام کی
ہرطرف مین تب یہ پہنکر دورخی

بس تقیہ سی مسلمان ہوگیا
حضرت عثمان عفان پاس آ

اور پنہان اس عداوت مین رہا
ڈالئی فتنہ کیسی ڈہب سی برا

تا خلل پڑجای ان کی کام مین
اور نقصان ربقہ اسلام مین

آخرش بہکا کی صدہا مردمان
دشمن عثمان بنائی بیگمان

یہانتلک بلوہ ہوا چارونطرف
باندہ باندہ آنی لگا ہر ایک صف

کہتی تہی مردان کو دین ایکبار آپ
یا خلافت سی کرین انکار آپ

آپ کہتی تہی کہ حضرت نی کہا
ضر ای عثمان کیجو جب برا

دین کی تکو زرہ ہر دم پہنہا
چاہین پہر لیوین اوتار الہدا

تم نہ سنیو اس سخن کو زینہار
اور زرہ بہی تم نہ کہیو زینہار

تب اونہون نی بندیاں کی کردیا
خوف حق دلمین نہ لائی مطلقا

اور نماز صبح گہر مین پڑہتی تہی
بوہر پردہ گاہ عبد اللہ کو
کہ حیدر نی ہٹایا بار بار
ہر طرف تہا شور بلوونکا ہجوم
شبر و شبیر کو لاچار ہو
بہیجا دروازہ پہ تا حاضر ہین
اور بہی انکی وہ ہمراہ یار
اور مدینہ والون انصار نی بہی
اور عمر نی اور عبد اللہ نی بہی
اور قسم دیکر یہ دی سبکو صلاح
مین نہین چاہتا کہ میری واسطی
بہانتلک تہی چار سو گہر کی غلام
پچہوین دن جمعہ کو وقت سحر
کو دہا کی قتل کرنی کی سبب
شبر و شبیر و دیگر مردمان
گہر کی اندر آئی سن شور شدید
سنکی حیدر آئی اور ہو کر خفا

خوف سی مسجد مین آسکتی نہتی
دیتی تہی اذن امامت اسی کو
پہر نہ اوس جا سے ہٹی وہ زینہار
مفسدہ کی ایک اوتہار کہی تہی وہ قوم
حضرت عثمان کی حفظ انکو
ہر طرح سی حافظ و ناظر رہین
تا حفاظت مین ہین لیکن وہ نہا
چاہا تا لین مار کر انکو بہی
پہر سبکو آپ نی رخصت دی
تم نہ میری واسطہ باندہو سلاح
ماری جائین آدمی بی واسطی
اونکی بہی ہتہیار کہلوائی تمام
جا پڑی لوگ آپکی گہر مین بشر
گہر کی اندر پڑ گیا شور و شغب
دریہ تہی عثمان کی جو پاسبان
اور دیکہا ہو گئی عثمان شہید
شبر و شبیر کو مارا کہ وا

کیا کیا تہا اسلئی تمکو تعین ساتھہ عثمان کی ہوئی تم کیون نہین
بیچ مین پہر کر کی لوگون نی کہا منع تہا عثمان نی انکو کر دیا
اسمین کچھہ انکی خطا ہرگز نہین راست سمجہین آپ اور بہی یقین
جب ہوئی پیدا تہی عثمان جلیل ساتوان تہا سال از اصحاب فیل
عمر تہی انکی بیاسی سال کی رحلت اس دار فنا سی جب کری
لمبا قد تہا رنگ تہا سرخ سفید و از چیچک رو پہ خوش تہا بان شدید
اور داڑہی تہی دراز اور جوڑ بند بہاری بہاری تہی نہایت دلپسند
بازؤون پر بہر رہی تہی اور بال سیاہ و پیچیدہ تہا موی سر کلال
انکی سر پر تہی نہ بال انکی نقب کہتی ہین جسکو کہ اضلع در عرب
سلک دندان تہی نہایت خوشنما خوبصورت ہیچو در بی بہا
کانونکی لوتک پڑی تہی سر کی بال یوسف ثانی تہی در حسن و جمال
اور پہلا ہی یہ وہ سوی منقبت اور جدا اپنی شہر سی کنبہ سمیت
تہی معبد اور حلیم اور پر حیا اور بہی قاری نمازی پارسا
اور صائم اور شب بیدار تہی روز و شب درگاہ حق مین زار تہی
خائف از خوف خدا قرآن خوان اور بکار جنگ یکتای زمان
ہی نہین اسمین کسیکو قیل و قال کی خلافت بارہ دن کم بارہ سال
کی تہی عثمان سی کسینی ایکروز بی ادب ہوکر کلام سینہ دوز

پہلی کر نے عذر بیٹی وہ مر گیا — کی نماز اوس پر نہ حضرت نے ادا

یوں کہا کرتے تھے فخر الانبیا — میں نے بیٹی اپنی از حکم خدا

عقد میں عثمان کے دی دلشاد ہو — دوسری بھی بیٹی دی جنت نکو

ہوتی گر بیٹی جو میری تیسری — عقد میں عثمان کے دیتا اوسکو بھی

جب لیا عثمان نے رومہ کا کوا — فی سبیل اللہ اوسکو کر دیا

تب نبی نے آپکے حق میں کہا — اوسکی مالک کو ہو جنت دائما

اور لشکر کے لئے حضرت کے پاس — سارے ہی نو سو اونٹ اور گہوڑے پچاس

اور روپے بھی لا سارے ہی تین ہزار — کہتے تھے خیر الورے یوں بار بار

کر تو بخشش پھر عثمان ای خدا — میں ہوں راضی تو بھی خوش ہو اوسکا

کہتے تھے اپنا رفیق عثمان کو — جنت عالی میں دیکھہ اس شہا نکو [?]

سانحہ یہ حضرت عثمان کا — در حقیقت شک نہیں ہی مطلقا

ہی ہر اول کربلا کی درد کا — اور مصیبت کا نمونہ اوسکی ہوا

دوسرا رخنہ ہے یہ اسلام میں — ہو گیا فتنہ خواص و عام میں

آیا ہے جوش یا دلکا علی کی مذکور میں
[illegible] خون جگر ویسے یوں اچکا ن شک [?]

کہتے ہیں یوں راویان پاک دین — صبح کو اوٹھکر امیر المومنین

مسجد کوفہ میں گہر سے با نیاز — حسب عادت آتے تھے بہر نماز

تیرگی شب مین گہری دا اٹھا
کوفہ کی مسجد مین جاتی مرتضیٰ

مردم خوابیدہ کو دیکر اذان
کرتے تھی آگاہ باتوقیر وشان

ہوگی تا بیدار ہر پاکیزہ خو
ہوے مشغول طہارت اور وضو

حسب عادت ایکدن شیر خدا
در سے مسجد کی در آئی باصفا

ابن ملجم اہل ملعون نی نہان
آکی پیچھی سے ستون کی ناگہان

سر پہ ماری تیغ زہرآلودہ آہ
ہوگیا دونون جہان مین روسیاہ

زخم کاری گرچہ کچھ ایسا نہ تھا
زہر لیکن کام اپنا کر گیا

پہونچی یہ نوبت علی ذیشان تکی
جمعہ کو اونیسوین 19 رمضان تکی

روز یکشنبہ کو رہی زندہ علی
خلد کی اتوار کی دن راہ لی

سال ہجری کہتی ہین چالیس تھی
کوچ اس دنیا دون سی کر گئی

اور تھا قطع خلافت کا زمان
ہی خلافت یہان نبوت کی بیان

روایت

مجملا تھا ذکر یہ کہتی ہین اب
آپ کی یہ ہی شہادت کا سبب

عبدرحمن ابن ملجم بد شعار
خارجی مذہب تھا ملعون نابکار

جبکہ وہ کوفہ مین آیا بدگہر
ایک عورت پر پڑی اوسکی نظر

تھی حسینہ نام تھا اوسکا قطام
ہوگیا اوس زنکا بجان و دلسے رام

اور وہ بھی رکھتی تھی مذہب یہی
تھا یہ جیسا ابن ملجم دورخی

باپ بہائی اس لعینہ کی تمام
یعنی وی حضرت علی کی ہاتھہ سی
اس سبب سی رکھتی تھی یہ دشمنی
آخرش جب ابن ملجم نابکار
ابن ملجم کی پڑا دل مین خیال
اوس سی کی اسنی بہت خط و کتابت
ہوسکی گر تجھسی ہی ایک پیارا کام
تجھکو تو کرونگی مین اوسدم قبول
اور وہ بھی یہ کام کر دل سی شنید
ہوگیا آمادہ اسپر وہ و مین
لیکی ایک تلوار فورا اوسنی آ
یارون سی تدبیر پوچھی کیا کرون
کہ مسجد مین علی پاک خو
ہو کسی دن جاکی مسجد مین نہان
یارون کی کہنی کی موجب اسنی آ
آپکی حق مین یہ حضرت نی کہا
لیس وجود اشقی خیر کشتہ

نہروان کی جنگ مین آئی تھی کام
آتش دوزخمین تھی واصل ہوچکی
رشتہ مین سب اوسکو کنبہ اپنی تھی
عشق مین اوسکی گیا ہو بیقرار
اوس سی ہوجاوی کسی ڈھب سی وصال
تب لکہا اوسنی کہ یہ اسکی ورجواب
اوسکو تو انجام کو پہونچا تمام
میری کہنی کو سمجہیو مت فضول
تو علی مرتضی کو کر شہید
تہا جو یہ مغلوب شہوت کا لعین
زہر کی پانی مین لی اوسکو بجہا
صرف زر سی سان کی وہ اوسنی زبان
جاتی ہین مسجد مین تنہا رات کو
اپنی کر تو کام کو انجام وہان
پورا اپنی کام کو فورا کیا
ہی شہادت مرتضی کا دیکہنا
اس زمان تہا مثل خیر الانبیا

کیونکہ سب اسوقت مین بی اعتنا
تشنگان امت خیر الوریٰ

ہوتی تھی سیراب اسی چشمہ سی بس
اور کی رکھتی نہ تھی ہرگز ہوس

ظاہر و باطن کی ہر حاجت ہی
سکو ذات پاک حیدر سے ملتی

خاتم الخلفا تھی ذات مرتضیٰ
اور مناب ذات ختم الانبیا

پس ہی ایسی وقتمین یہ قتل کیا
گل گویا شمع ہدایت کو کیا

اور کیا اللہ کی حق کو تلف
اور سب امت کی ہی حق کو تلف

یعنی ایسی ذات کو کرکی ہلاک
اپنا ثانی رکھنی سی تھی جو کہ پاک

ساری امتکو پریشان یون کیا
حال ہو جون فوج بی سردار کا

وہ ہی آخر گندہ دوزخ ہوا
روسیاہ ہو کر کی دنیا سی او تھا

اور یہ قتل علی مرتضیٰ
تھیسر اسلام مین رخنہ پڑا

پڑ گیا ضعف اسقدر اسلام مین
کہ تزلزل آگیا ہر کام مین

کہتا ہی یون راوی فرخندہ پی
مرتضیٰ کا بالیقین حلیہ یہ ہی

قد میانہ لمبی داڑہی ناف تک
چوڑی چکلی تہمی فربہ غیر شک

سرخی مائل گندمی تہا رنگ تن
پیٹ اور آنکھین کلان جو دیکھ لن

بشرے چہرہ کی چمک تہی اسقدر
دیکھہ سکتا تہا نہ کوئی از چشم سر

اور نہ تہی بال آگی سر پر آپ کی
اور نہایت آپ خوش رفتار ہے

تہا شہادت کا حصول المختصر
درمیان ان صوفتو کی منحصر

یعنی کفار و نسی کرکی کارزار — از رہ اعلان باقی اشتہار
یا یکایک جیکی جیکی ناگہان — آپ کو ہوتی شہادت بیگمان
اولین تقدیر بن مجے علل — شوکت اسلام بین آتا خلل
ہوتا درہم وینکا سب انتظام — پوچھتا کوئی نہ از خاص و عوام
اور بہ تقدیر ثانی ای ودود — باقی شہہ کب شہادت با شہود

بل و لا کملت الشهادة لان تمام الشهادة ان
يقتل الرجل في الغربة والكربة وان يعقر
جواده ويلقى جثته مطروحة ويقتل حوله
جمع كثير من اعزة اصحابه واقاربه و
ان ينهب ماله وان توسر نسائه وايتامه
كل ذلك في ذات الله تعالى

بل نہ ہوتی یہ شہادت ہی تمام — کیونکہ ہے پوری شہادت اسکا نام
غربت و کربت بین ہو قتل آدمی — کونچین کاٹی جاوین اوسکی اسپکی
اور رہی لاش اوسکی بیدا نہین پری — اور بہت سی اوسکی گرد اگرد
قتل ہوین یار و عزیز و اقربا — اور لوٹا جاوی مال او شخص کا
اور اسیر بند ہووین اوسکی مان — آہ طفلان یتیم و بے بیان
اور سبب درد و مصائب اور بلا — صرف ہون بہر رضای کبریا

اسمین تخصیص شہادتکا ہی سبطین کی ذکر
بہر تکمیل کمالات حبیب یزدان

جو کہا چاہی ہی رب العالمین — جمع کرتا ہے سبب اوسکا وہین
پہونچی کب وہان طائر فہم وخیال — ہی اگر وہ تشدیہ سمت بال
اپنی کاموں کی اوسیکو ہی خبر — ہی بیرون از حیطہ علم بشر
جو کہ ہونا اس شہادت کا حصول — ذات پاک مصطفی مین بالاصول
بی سبب بی واسطہ ممکن نہ تہا — مقتضی سو کار سازی خدا

فاقتضت حکمۃ اللہ تعالے ان یلحق ہذا الکمال العظیم بسائر کمالاتہ بعد وفاتہ وانقضاء ایام خلافتہ التی تنافی المغلوبیۃ والمظلومیۃ برجال من اہل بیتہ بل باقرب اقاربہ واعز اولادہ و من یکون فی حکم ابنائہ حتے یلحق حالہم بحالہ ویندرج کمالہم فی کمالہ

یون ہوئی ملحا برایہ بھی کمال — با کمالات حبیب لایزال
آپکی بعد از وفات ای حق شناس — اور خلافت کی گذرنی بی لبس
تہی خلافت تکملہ دین متین — کسر شان اوسکی تہی محتمل بالیقین
کہ نہین ہرگز مناسب لا کلام — اوسکی مغلوبی ومظلومی تمام

واسطے بہی بعض اہل بیت کی | بلکہ یہ اوس شخص کی ہو واسطے
جو بہت بہی ہووے حضرت کا حبیب | اور عزیز جان تو اولاد حبیب
اور جو ہو آپکی بیٹیون کی جا | نسل بیٹیونکی ہووے بہی ریا
تاکہ حال آوے انکا بحال مصطفی | اہل کی ہو جاوے تمامی ایکسا
اور داخل ہو کمال اونکا تمام | ور کمال حضرت خیر الانام

فتوجهت عناية الله تعالى بعد انقضاء
ايام الخلافة الى هذا الالحاق

پس ہوی متوجہ یون مہر خدا | ون خلافت کا ہوا جب انقضا
سوی این الحاق و ذات رسول | تاکہ ہو یہ بہی کمال اونکو حصول
